मेंहदी लगी मेरे हाथ

مہندی لگی میرے ہاتھ

اداکاران

اشوک کمار ۔ نندا ۔ ششی کپور

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

مہندی لگی میرے ہاتھ

گانا نمبرا

کنکریا ملدے، کرکے اشارے، بلما ٹر لے ایمان
جگ کو ہنسائے، ہمکو رلائے ظلمی جلائے جان
گھر سے نکلنے نہ دے بالما
رستے ہیں بیٹھا رہے ظالما
دیکھیں تماشا یہ سارے — کنکریا —
پریت بھری موسے بنیاں کیجے
بنیوں ہیں الجائی بتیاں کیجے
کاغذ گرا جائے دوارے — کنکریا —
کیسے بیلدی سے پالا پڑا
بیری کا غصہ یہ بھی نالا پڑا
بن کے جیا ڈسے دیا رے — کنکریا —
گانا نمبر۲:۔ مہندی لگی میرے ہاتھ رے
بی منوارے آئیں گے دوارے، لیکے سنگ برات رے
مہندی لگی —
مرکے چنریا سر پہ نہ ٹھہرے
لاج بٹھائے مو سو پہرے
دل دھڑکے دن رات رے — مہندی لگی —

لاکھ جرائی انکھیاں پی سے
لاکھ لڑی ہیں اپنے جی سے
لیکن کھائی مات رہے — مہندی لگی
چوری چوری چپکے چپکے
تجھ میں سمائے تجھ سے بھی چھپ کے
کر گئے سیّاں گھات رہے — مہندی لگی
بھلے جنم بھی وہ میرے ہم تھے
کچھ ہی دنوں کیلئے بچھڑے ہم تھے
ہو گئی پھر ملاقات رہے — مہندی لگی
گانا نمبر ۳ :- توبہ تیری وہ چال ہے کہ توبہ
ایسا کمال ہے کہ توبہ، میرا وہ حال ہے کہ توبہ
تیری ہر ادا مستانی، میری ہر نگاہ دیوانی
واللہ جان قسم، مجھے تو صنم
دونوں کا اِک ہے فسانہ — تیری وہ —
ہم سے بھلی یہ راہیں، جن پر تیری ہیں نگاہیں
تو ایک نظر تو دیکھ اِدھر
یہ دل ہے تیرا دیوانہ
تیری ہر ادا —
چل کے رُکی پھر جلدی، ایسی ہوئی کیا جلدی
چلیں ساتھ نہ ہم دو چار قدم
ہمکو بھی اِدھر ہے جانا — تیری وہ —

گھنی بری بو کالے اُڑے جھمی ٹوپی ہیں
تجھکو میں لے جاؤنگا بٹھا کے ڈولی میں

لڑکی:- ہاتھوں میں ہے جھولا
مجھ سے تو پوچھ ذرا بن بیٹھا تو دلہا ہے

لڑکا:- بیری کا ہے بوٹے ہیں
نانا کرتے ہیں تیرے نیناں جھوٹے ہیں

لڑکی:- ٹیشن پر گاڑی ہے
ہاں کو نا سمجھے میرا بلما اناڑی ہے

لڑکا:- پانی ہے نالابوں میں
کس سے پوچھ کے تو آئی ہے میرے خوابوں میں

لڑکی:- اچھا میرے سپنوں کے
پوچھ کے بھی کوئی گھر جاتا ہے اپنوں کے

لڑکا:- شطرنج کی گوٹی ہے
اچھی ہے میری رجنی پر قد کی چھوٹی ہے

لڑکی:- آکاش پہ بادل ہے
اچھا ہے میرا پیو پر تھوڑا سا پاگل ہے

لڑکا:- گل ہے گلدستے میں
بولی جو زیادہ تو چھوڑ جاؤنگا رستے میں

لڑکی:- گل ہیں گلدستے میں
رستے میں چھوڑ دے تو زندگی چھوٹے گی سستے میں

لڑکا:- آکاش پہ چندا ہے

ایسے اکڑتی ہے جیسے بے بی نندا ہے

لڑکی:۔ یہ پیڑ کھجور کا ہے
ایسے اکڑتا ہے بھائی راج کھجور کا ہے

گانا نمبر۵:۔ آپ نے یوں ہی دل لگی کی تھی
ہم تو دل کی لگی سمجھ بیٹھے
آپ نے بھی نہ ہم کو سمجھایا
آپ بھی تو ہنسی سمجھ بیٹھے
آپ کو یاد کب بھلا رہتا
ہم تو یوں ہی ملے تھے راہوں میں
دل ہمارے بس آپ تھے لیکن
ہم نہ تھے آپ کی نگاہوں میں
کیا مزا آپ نے نہ پہچانا
اور ہمیں اجنبی سمجھ بیٹھے
پیار اپنا تو اِک تماشا تھا
اور ہم خود ہی تھے تماشائی
آج دیوانگی ہمیں اپنی
یاد آئی تو آنکھ بھر آئی
جل رہا تھا وہ دل ہمارا
ہم جسے چاندنی سمجھ بیٹھے

گانا نمبر۶:۔ مہندی لگی میرے ہاتھ رے
بھول جا اُس کو اے دل یہ تو سپنوں کی تھی بات رے

مہندی لگی میرے ـــ
انجانے میں میں باورہا لکھ بیٹھی تیرے نام عمر یا
نبھ نہ سکی پیر بات رے ـ مہندی لگی ـــ
مانگ بھی اُجڑی دل بھی ٹوٹا
مہندی کا رنگ نکلا جھوٹا
اشکوں سے دھوئے ہاتھ رے ـ مہندی ـــ
اُن کی گلی کا پھیرا چھوڑا
آپ ہی اپنے دل کو توڑا
بن گئی ایسی بات رے ـ مہندی لگی ـــ
دوار بجی تھی جو شہنائی
وہ شہنائی تھی ہرجائی
چھوڑ گئی میرا ساتھ رے ـ مہندی لگی ـــ
ختم شد

پُر اسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	فومینچو کا سایہ	4/-/-
" حصہ دوم	1/4/-	فومینچو کی بیٹی	4/-/-
نین لعاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر فومینچو	3/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر فومینچو کا انتقام	3/-/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی خنجر	1/-/-
بہادر ٹارزن	1/8/-	نین ڈاکو	1/-/-
چینی فرشتہ	1/4/-	زرد لائنس	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/4/-	خونی کھنڈر	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	سراغرساں	-/12/-
موت کا میعار	1/4/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا پرزہ	2/4/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

عملیات تسخیر محبوب عرف

ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور راغعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزار ہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف -/۱ روپے محصولڈاک معاف

اندرجال کلاں عرف استاد جادوگراں

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے ترستے تھے ہم نے زر کثیر خرچ کرکے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف -/-/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی